BACKGROUNDERS
Press Information Bureau
Government of India

# ایشین گیمز 2026

## نئی دہلی سے آئیچی-ناگویا تک ہندوستان کا سفر

### ایشین گیمز 2026 پر ایک نظر

ایشین گیمز، جسے ایشیاڈ کے نام سے بھی جانا جاتا ہے، یہ ایشیا کا کھیلوں کا سب سے بڑا مقابلہ ہے، جو **ہر چار برس میں ایک بار منعقد ہوتا ہے**۔ان کا انعقاد **اولمپک کونسل آف ایشیا (او سی اے)** کے ذریعے کیا جاتا ہے اور اس میں فی الحال **45 ممالک یا خطے حصہ لیتے ہیں۔ 20 ویں ایشین گیمز کا انعقاد 19 ستمبر سے 4 اکتوبر 2026 تک جاپان کے آئیچی-ناگویا میں ہوا**۔ امیجن ون ایشیا یعنی **''ایک ایشیا کا تصور ''** ان کا سرکاری نعرہ تھا۔ٹوکیو( 1958) اور ہیروشیما (1994) میں منعقدہ ایشین گیمز کے بعد یہ تیسرا موقع تھا، جب جاپان نے ایشین گیمز کی میزبانی کی۔

یہ اہم کھلوں کا مقابلہ 16 دن تک جاری رہا، جس ںش عالمی معاوکے سخت اور سنسنی خز5 مقابلے ہوئے۔اس ںس کھلوںکی غرش معمولی صلاحتں کا شاندار مظاہرہ دیکھنے کو ملااور 43 کھلوں اور 71 اور ایونٹس (زمروں) مں مقابلے ہوئے۔ان کھلوزں کے دوران 469 دلچسپ مقابلوں مں مجموعی طور پر 1,407 تمغے پیش کیے گئے۔

ایشین گیمز کے ساتھ ساتھ جاپان 18 اکتوبر سے 24 اکتوبر 2026 تک آئیچی-ناگویا میں پانچویں ایشین پیرا گیمز کی بھی میزبانی کر رہا ہے۔ یہ پہلا موقع ہے، جب جاپان پیرا گیمز کی میزبانی کر رہا ہے۔

## ایشین گیمز 2026 کے لوگو میں پوشیدہ پیغام

سرکاری لوگو (نشان) کے رنگ اور ڈیزائن میں مقامی اور ثقافتی اہمیت کو کھیلوں کی حرکیات کے ساتھ یکجا کیا گیا ہے۔ اس کی خمیدہ لکیریں جوش و توانائی کی عکاسی کرتی ہیں، جبکہ مرکز میں موجود جامنی، سنہری اور سبز لکیریں عوام کو متحد ہو کر روشن سرخ سورج کی جانب آگے بڑھنے کے منظر کو اجاگر کرتی ہیں، جو اولمپک کونسل آف ایشیا (او سی اے) کی سرکاری علامت ہے۔ جامنی رنگ آئیچی کے صوبائی پھول آئرس کی نمائندگی کرتا ہے؛ سنہری رنگ کن شاچی کی علامت ہے، جو ناگویا قلعے کی چھت پر نصب مشہور سنہری شیر مچھلی نما آرائشی مجسمے ہیں؛ جبکہ سبز رنگ آئیچی-ناگویا کے مضبوط ماحولیاتی شعور کی عکاسی کرتا ہے، جسے ایکسپو 2005 آئیچی، سی او پی 10 اور تعلیم برائے پائیدار ترقی (ای ایس ڈی) پر یونیسکو کی عالمی کانفرنس جیسے اہم عالمی پروگراموں کے ذریعے فروغ ملا ہے۔ اس نشان میں ایشیا، آئیچی اور ناگویا کے ناموں کے ابتدائی حروف بھی شامل ہیں: "اے" کو جامنی خمیدہ لکیر اور مرکزی لکیر میں، جبکہ "این" کو جامنی اور سنہری رنگوں میں دکھایا گیا ہے۔

## ایشین گیمز 2026 کا سرکاری مسکٹ

20ویں ایشین گیمز کا مسکٹ "**ہونوہون**" کھلاڑیوں کے جوش و جذبے کی نمائندگی کرتا ہے۔ اس کا نام جاپانی لفظ 'ہونو ہو' سے ماخوذ ہے، جو جاپانی زبان میں شعلے کے لیے استعمال ہونے والے لفظ کی اصل سے منسلک ہے۔ اس کا ڈیزائن **شچی ہوکو** سے متاثر ہے، جو ناگویا قلعے کی نمایاں علامتوں میں سے ایک اور آئیچی-ناگویا کا محافظ دیوتا مانا جاتا ہے۔

## 1951 کے پہلے ایشین گیمز: ہندوستان کا بانی کردار



First Asian Games opening ceremony

ابتدا سے ہی ایشین گیمز کے ساتھ ہندوستان کا تعلق رہا ہے، جب اس کے پہلے ایڈیشن کا انعقاد 1951 میں نئی دہلی میں کیا گیا تھا۔ یہ انعقاد دوسری عالمی جنگ کے بعد ایشیائی ممالک کے درمیان تعلقات کو بہتر اور مضبوط بنانے کی کوششوں کے پس منظر میں ہوا، جب ایشیا کے کئی خطے حال ہی میں نوآبادیاتی تسلط سے آزاد ہوئے تھے۔ ایشیائی کھیلوں کے ایک مقابلے کا تصور ہندوستان نے اس مقصد سے پیش کیا تھا کہ اتحاد کا مظاہرہ کیا جا سکے اور جنگ کے باعث متاثر ہونے والے ایشیائی ممالک کے باہمی تعلقات کو دوبارہ مضبوط بنایا جا سکے۔ ایشین گیمز کا خیال سب سے پہلے ہندوستان کے لیے بین الاقوامی اولمپک کمیٹی (آئی او سی) کے رکن پروفیسر جی ڈی سوندھی نے پیش کیا تھا۔ ایشین گیمز کے انعقاد کی تجویز پہلی مرتبہ 1947 ء میں نئی دہلی میں منعقدہ ایشیائی ممالک کی ایک کانفرنس میں پیش کی گئی تھی اور اس کا نام ایشین گیمز رکھنے کا فیصلہ کیا گیا۔

پہلے ایشین گیمز کا انعقاد مارچ 1951 میں نئی دہلی میں ہوا۔ صدر جمہوریہ ہند ڈاکٹر راجندر پرساد نے نیشنل اسٹیڈیم میں ان کھیلوں کا افتتاح کیا۔ **پہلے ایڈیشن میں گیارہ ممالک نے 489 کھلاڑیوں کو بھیجا، جنہوں نے چھ کھیلوں میں حصہ لیا۔** اس سال تمغوں کی جدول میں جاپان کے بعد ہندوستان دوسرے نمبر پر رہا۔ اس کے بعد سے یہ کھیل اب ایک بڑے عالمی مقابلے کی شکل اختیار کر چکا ہے، جو کھیلوں کے ذریعے دوستی کو فروغ دیتا ہے اور تنوع کو تسلیم کرتے ہوئے عالمی امن کے قیام میں اپنا کردار ادا کرتا ہے۔

## آئیچی-ناگویا 2026 میں ہندوستانی دستہ

ہندوستان نے ایشین گیمز 2026 میں اب تک کے اپنے سب سے بڑے کثیر کھیلوں کے دستوں میں سے ایک کو میدان میں اتارا، جس میں **36 کھیلوں کے مختلف مقابلوں میں 501 کھلاڑیوں پر مشتمل** دستہ شامل تھا۔ **اس دستے میں 300 سے زیادہ کھلاڑی پہلی مرتبہ ایشین گیمز میں حصہ لے رہے تھے۔**

ٹیم کی روانگی سے قبل 8 ستمبر 2026 کو نئی دہلی میں ایک شاندار الوداعی تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب میں مرکزی وزیر کھیل ڈاکٹر منڈاویہ، انڈین اولمپک ایسوسی ایشن (آئی او اے) کی صدر ڈاکٹر پی ٹی اوشا اور چیف ڈی مشن سہ دیو یادو نے شرکت کی ۔ اس موقع پر ہندوستانی دستے کی سرکاری جرسی کی بھی رونمائی کی گئی۔ اس تقریب کا انعقاد انڈین اولمپک ایسوسی ایشن نے کیا تھا۔

ڈاکٹر منڈاویہ (درمیان) نے انڈین اولمپک ایسوسی ایشن کی صدر ڈاکٹر پی ٹی اوشا (دائیں) اور سکریٹری (کھیل) ہری رنجن راؤ (بائیں) کے ساتھ ایشین گیمز 2026 سے قبل ہندوستانی دستے کی سرکاری جرسی کی رونمائی کرتے ہوئے۔

**تصویر کا ماخذ: وزارت امور نوجوانان و کھیل**

مورخہ 19، ستمبر 2026 کو افتتاحی تقریب میں اولمپکس میں دو تمغے جیت چکی منو بھاکر اور کبڈی کھلاڑی پون سہراوت نے **ہندوستانی دستے کی قیادت کرتے ہوئے مارچ پاسٹ کیا۔**

**آئیچی-ناگویا 2026 میں ہندوستان کی طلائی تمغوں کی شاندار کامیابی**

ایشین گیمز-2026 میں ہندوستان نے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے 21 طلائی تمغے جیتے۔ نشانہ بازی اور ٹیم مقابلوں میں ہندوستانی کھلاڑیوں کی عمدہ کارکردگی اس کامیابی کا نمایاں پہلو رہی۔ سب سے زیادہ 5 طلائی تمغے **تیر اندازی** سے آئے، جبکہ **نشانہ بازی** اور **مکے بازی** میں ہندوستان نے 3،3 طلائی تمغے حاصل کیے۔

ٹیم مقابلوں میں بھی ہندوستان کا غلبہ رہا۔ **کرکٹ، ہاکی اور کبڈی** میں ہندوستان نے 2،2 طلائی تمغے جیتے۔ نمایاں کارکردگی میں **مردوں کی کرکٹ ٹیم** کی فائنل میں پاکستان کے خلاف 19 رنز سے فتح، **مردوں کی ہاکی ٹیم** کی ملیشیا کو 1-5 سے شکست دے کر براعظمی خطاب کا دفاع اور مردوں و خواتین دونوں کے **کبڈی مقابلوں** میں طلائی تمغے جیتنا شامل رہا۔

اس کے علاوہ **کشتی (2)، ایتھلیٹکس (1) اور گولف (1) میں سنہری کامیابی حاصل ہوئی۔ ان کھیلوں میں ہندوستان نے مجموعی طور پر 21 طلائی تمغے جیتے۔** یہ کارکردگی براعظمی کھیلوں کے میدان میں ہندوستان کی مضبوط، متوازن اور ہمہ جہت صلاحیتوں کی عکاسی کرتی ہے۔

| ایشین گیمز 2026 میں ہندوستان کے تمغوں کی مجموعی تعداد<br>کھیل کے لحاظ سے تفصیل | | | | |
|---|---|---|---|---|
| **کھیل** | **طلائی** | **نقرئی** | **کانسے** | **کل** |
| ایتھلیٹکس | 1 | 9 | 14 | 24 |
| نشانے بازی | 3 | 8 | 4 | 15 |
| تیر اندازی | 5 | 2 | 2 | 9 |
| مکے بازی | 3 | 0 | 3 | 6 |
| کشتی | 2 | 2 | 2 | 6 |
| اسکواش | 0 | 2 | 3 | 5 |
| سیلنگ | 0 | 1 | 2 | 3 |
| کرکٹ | 2 | 0 | 0 | 2 |
| ہاکی | 2 | 0 | 0 | 2 |
| کبڈی | 2 | 0 | 0 | 2 |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| گولف | 1 | 1 | 0 | 2 |
| ویٹ لفٹنگ | 0 | 1 | 0 | 1 |
| ووشو | 0 | 1 | 0 | 1 |
| بیڈ منٹن | 0 | 0 | 1 | 1 |
| کُراش | 0 | 0 | 1 | 1 |
| مکسڈ مارشل آرٹس | 0 | 0 | 1 | 1 |
| روئنگ | 0 | 0 | 1 | 1 |
| سیپاک ٹیکرا | 0 | 0 | 1 | 1 |
| سافٹ ٹینس | 0 | 0 | 1 | 1 |
| ٹیبل ٹینس | 0 | 0 | 1 | 1 |
| **کل** | **21** | **27** | **37** | **85** |

## آئیچی-ناگویا2026ایشین پیرا گیمز میں ہندوستان کی شرکت

آئیچی-ناگویا2026ایشین پیرا گیمز 18 سے 24اکتوبر 2026 تک جاپان میں منعقد ہوں گے۔ان کھیلوں ایشیا کی 45 قومی پیرالمپک کمیٹیوں کے تقریباً3,000کھلاڑیوں کی شرکت متوقع ہے۔ان کھیلوں میں پیرا کھیلوں کے 18 مقابلے شامل ہوں گے۔

ہندوستان ان کھیلوں میں اپنی تسلیم شدہ قومی پیرالمپک کمیٹی، پیرالمپک کمیٹی آف انڈیا کے ذریعے شرکت کرے گا۔یہ ایشین پیرا گیمز میں ہندوستان کی

پانچویں شرکت ہوگی۔اس سے قبل ہانگژو 2022 ایشین پیرا گیمز میں ہندوستان نے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے 29 طلائی سمیت ریکارڈ 111 تمغے جیتے تھے۔ان 111 تمغوں میں خواتین کھلاڑیوں نے 40 تمغوں کے ساتھ 36 فیصد حصہ ڈالا تھا۔اس سے قبل ہندوستان نے 2010 کے ایڈیشن میں 14، 2014 میں 33 اور 2018 میں 72 تمغے اپنے نام کیے تھے۔

## بنیادی سطح سے عالمی میدان تک: کھیلوں کے فروغ کے لیے ہندوستان کی پالیسی اقدامات

### کھیلو بھارت نیتی

حکومت نے یکم جولائی 2025 کو ہندوستان کی قومی کھیل پالیسی **کھیلو بھارت نیتی** شروع کی۔اس کا مقصد ایک مضبوط، جامع اور کارکردگی پر مبنی کھیلوں کا نظام تشکیل دینا ہے۔پالیسی میں تربیت اور کھیلوں کی سہولیات کے معاملے میں دیہی اور شہری علاقوں کے درمیان فرق کو کم کرنے پر توجہ مرکوز کی گئی ہے۔تربیت کے اخراجات کم کرنے کے لیے عوامی شمولیت اور شراکت داری پر زور دیا گیا ہے۔پالیسی کا ہدف 2036 کے اولمپکس میں اعلیٰ کارکردگی حاصل کرنا ہے۔اس کے تحت قومی تعلیمی پالیسی 2020 کے تحت کھیلوں کو اسکولی تعلیم سے جوڑا گیا ہے۔اس کے علاوہ خواتین، قبائلی برادریوں اور معذور افراد کی کھیلوں میں شرکت کی بھی حمایت کی گئی ہے۔

### ریکارڈ مالی تعاون

مرکزی بجٹ 27-2026 میں وزارت کھیل کے لیے ریکارڈ **4,479.88 کروڑ روپے** مختص کیے گئے ہیں۔یہ رقم 14-2013 میں مختص کیے گئے **1,219 کروڑ روپے** کے مقابلے میں نمایاں طور پر زیادہ ہے۔مرکزی کابینہ نے 27-2026 سے 31-2030 تک کے لیے نظرثانی شدہ کھیلو انڈیا اسکیم کو بھی منظوری دے دی ہے۔قومی کھیل فیڈریشنوں کے لیے تعاون سمیت اس کے لیے مجموعی طور پر **36,441 کروڑ روپے** مختص کیے گئے ہیں۔صرف کھیلو انڈیا کے لیے 27-2026 میں **924.35 کروڑ روپے** مختص کیے گئے ہیں۔اس سے قبل 22-2021 سے 26-2025 تک اس اسکیم کے لیے **3,790.50 کروڑ روپے** مختص تھے۔بجٹ میں کھیلوں کا سامان تیار کرنے کے لیے بھی **500 کروڑ روپے** مختص کیے گئے ہیں۔

### ابتدائی مرحلے میں صلاحیتوں کی تلاش

**کھیلو انڈیا** بنیادی سطح پر کھیلوں کے فروغ کا اہم پروگرام ہے۔جولائی 2026 تک اس کے تحت **1,067** کھیلو انڈیا مراکز قائم کیے جا چکے تھے۔اس کے علاوہ **3,176 کروڑ روپے** کی لاگت سے کھیلوں کے بنیادی ڈھانچے کے **349** نئے منصوبوں کو منظوری دی گئی ہے۔کھیلو انڈیا کے **2,745 کھلاڑیوں** کو کوچنگ، کھیلوں کا سامان، طبّی سہولیات اور ماہانہ وظیفہ فراہم کیا جا رہا ہے۔2018 سے اب تک کھیلو انڈیا کھیلوں میں **63,000 سے زیادہ کھلاڑی** حصہ لے چکے ہیں۔

**کھیلو انڈیا رائزنگ ٹیلنٹ آئیڈینٹی فکیشن (کے آئی آر ٹی آئی)** پہل کے تحت 9 سے 18 سال کی عمر کے بچوں میں کھیلوں کی صلاحیتوں کی نشاندہی اور انہیں پروان چڑھایا جاتا ہے۔اس کے **174 ٹیلنٹ اسیسمنٹ مراکز** اعداد و شمار پر مبنی طریقہ کار استعمال کرتے ہیں، جس کے ذریعے منصفانہ اور اہلیت پر مبنی انتخاب کو یقینی بنایا جاتا ہے۔

## اعلیٰ سطح کے کھلاڑیوں کی معاونت

ٹارگٹ اولمپک پوڈیم اسکیم (ٹی او پی ایس یعنی ٹاپس) ہندوستانی کھلاڑیوں کو معاونت فراہم کرتی ہے۔ اس کے تحت بیرون ملک تربیت، بین الاقوامی مقابلوں، تربیتی کیمپوں اور خصوصی کھیلوں کے سامان کے لیے مدد فراہم کی جاتی ہے۔ کھلاڑیوں کو 50,000 روپے ماہانہ وظیفہ دیا جاتا ہے۔ ترقیاتی گروپ میں شامل جونیئر کھلاڑیوں کو ماہانہ 25,000 روپے دیے جاتے ہیں۔ اپریل 2026 تک ٹاپس کے تحت 55 کور ایتھلیٹس، 62 پیرا کور ایتھلیٹس اور 140 ترقی یافتہ کھلاڑیوں کو معاونت حاصل ہے، جبکہ ہاکی کے 67 کور ایتھلیٹس بھی اس میں شامل ہیں۔ ٹاپس نے ٹوکیو 2020 اور پیرس 2024 اولمپک کھیلوں میں ہندوستان کے تمغوں کے حصول میں اہم کردار ادا کیا ہے۔

## تعلیم، فٹنس اور کھیلوں میں منصفانہ مقابلہ

منی پور کے امپھال میں نیشنل اسپورٹس یونیورسٹی 2018 میں قائم کی گئی تھی۔ یہاں کھیلوں کی سائنس، ٹیکنالوجی، انتظام اور کوچنگ کے شعبوں میں تعلیم فراہم کی جاتی ہے۔

فٹ انڈیا موومنٹ لوگوں کو فٹنس کو روزمرہ زندگی کا حصہ بنانے کی ترغیب دیتی ہے۔ پارلیمنٹ نے اگست 2025 میں نیشنل اسپورٹس گورننس بل منظور کیا۔ اس کے تحت کھیلوں کی تنظیموں کو تسلیم کرنے کے لیے نیشنل اسپورٹس بورڈ کے قیام کی گنجائش رکھی گئی ہے۔ کھیلوں سے متعلق تنازعات کے حل کے لیے نیشنل اسپورٹس ٹریبونل قائم کیا جائے گا۔

## آئیچی-ناگویا سے آگے: اولمپکس.ں ر ہندوستان کا طویل سفر

آئیچی-ناگویا 2026، لاس اینجلس 2028 اولمپکس اور اس کے بعد کے مقابلوں کے لیے ہندوستان کے وسیع تر کھیلوں کے روڈ میپ کا حصہ ہے۔ رواں برس ہندوستان کے 500 سے زائد کھلاڑیوں میں سے 300 سے زیادہ پہلی مرتبہ ایشین گیمز میں حصہ لے رہے ہیں۔ پہلی مرتبہ شرکت کرنے والے کھلاڑیوں کی یہ بڑی تعداد ہندوستانی کھیلوں میں موجود بڑھتی ہوئی صلاحیت اور مضبوط ہوتی ہوئی نئی صف کی عکاسی کرتی ہے۔

حکومت نے ملک بھر میں کھیلوں کے بنیادی ڈھانچے کو مضبوط بنانے کے لیے 36,000 کروڑ روپے سے زیادہ کی سرمایہ کاری پر مشتمل 10 سالہ منصوبہ بھی پیش کیا ہے۔ اس سرمایہ کاری کا مقصد 2036 سے بہت پہلے عالمی کھیلوں کے میدان میں ہندوستان کی مضبوط موجودگی کو یقینی بنانا ہے۔ وزارت کھیل نے فیڈریشنوں، ریاستوں اور دیگر متعلقہ فریقوں کو شامل کرتے ہوئے مربوط اور ہمہ گیر حکمت عملی اپنانے پر زور دیا ہے۔

آئیچی-ناگویا میں ہندوستان کی 21 طلائی سمیت 85 تمغوں کی شاندار کارکردگی، ملک کے کھیلوں کے سفر میں ایک اور اہم سنگ میل کی حیثیت رکھتی ہے۔ روایتی طور پر مضبوط کھیلوں کے ساتھ ابھرتے ہوئے کھیلوں میں بھی شاندار کارکردگی نے لاس اینجلس 2028 اولمپکس اور طویل مدتی کھیلوں کے اہداف کے لیے ہندوستان کی تیاریوں کو مزید تقویت دی ہے۔

**حوالہ جات**

**وزارت امور نوجوانان و کھیل**

https://yas.gov.in/sites/default/files/Asian_Games_sanction_for_coaches_and_sup por_ staff.pdf

https://www.pib.gov.in/PressReleasePage.aspx?PRID=2307999&reg=48&lang=2

https://www.pib.gov.in/PressReleasePage.aspx?PRID=1972615&lang=2&reg=48&utm

https://www.pib.gov.in/PressReleasePage.aspx?PRID=2149334&reg=48&lang=2

ایشین گیمز 2026 کی سرکاری ویب سائٹ

https://www.aichi-nagoya2026.org/history-of-the-games/

https://www.aichi-nagoya2026.org/official-mascot/

https://www.aichi-nagoya2026.org/games-emblem-slogan-core-graphics/

اولمپک کونسل آف ایشیا کی سرکاری ویب سائٹ

https://oca.asia/games/111-aichi-nagoya-2026.html?utm

https://oca.asia/news/7738-asia-ready-to-shine-as-aichi-nagoya-to-host-historic-20th-asian-games.html?utm

پیرالمپک کمیٹی آف انڈیا کی سرکاری ویب سائٹ

https://www.paralympicindia.com/aichi-nagoya-asian-para-games-2026

بین الاقوامی پیرالمپک کمیٹی

https://www.paralympic.org/news/aichi-nagoya-2026-celebrates-100-days-go-until-asian-para-games

https://www.paralympic.org/news/aichi-nagoya-host-2026-asian-para-games

حکومت جاپان

https://www.gov-online.go.jp/hlj/en/january_2026/january_2026-08.html

تعلیمی مواصلاتی کنسورشیم

https://cec.nic.in/webpath/curriculum/Module/BPED/Paper01/9/downloads/script.pdf

نیوز آن اے آئی آر

https://newsonair.gov.in/manu-bhaker-tajinderpal-singh-toor-named-indias-flagbearers-for-asian-games-2026/

https://newsonair.gov.in/20th-asian-games-officially-opened-at-mizuho-park-athletic-stadium-in-japan/

https://newsonair.gov.in/india-gears-up-for-2028-olympics-with-strategic-preparations-union-minister-mansukh-mandaviya/

https://newsonair.gov.in/indian-contingent-for-asian-games-2026-receives-grand-send-off-in-new-delhi/

https://newsonair.gov.in/rajya-sabha-takes-up-national-sports-governance-and-anti-doping-amendment-bills-2025/

پی آئی بی بیک گراؤنڈر

https://www.pib.gov.in/PressNoteDetails.aspx?NoteId=154856&ModuleId=3&reg=48&lang=2

https://www.pib.gov.in/PressReleasePage.aspx?PRID=2293849&reg=48&lang=2

https://www.pib.gov.in/PressNoteDetails.aspx?NoteId=154601&ModuleId=3&reg=48&lang=2

https://www.pib.gov.in/PressReleasePage.aspx?PRID=2293849&reg=48&lang=2

https://www.pib.gov.in/PressNoteDetails.aspx?NoteId=154856&ModuleId=3&reg=48&lang=2

پی ڈی ایف کے لیے یہاں کلک کریں